© rasailojaraid.com


میں جید عالم دین و محقق مفتی رضاء الحق صاحب نے مراجع وماٰ خذ کی روشنی میں وضاحت پیش کی ، ہر بات مدلل ومسکت ہے اور یہ کتاب اکابر کے طریقہ ذکر کو قرآن وحدیث سے ثابت کے لئے تحریر کر دیا گیا ہے، مفتی الیاس کی تعلیق وتحقیق نے اس کو مزید چار چاند لگادیا۔ اپنے موضوع پر بہترین تحریر ہے ، عوام وخواص دونوں یکساں طور پر اس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ (مبصر: محمد اسلام حقانی)

● **درس ہدایۃ النحو** افادات: مولانا تحسین اللہ صاحب ضخامت: ۴۶۸ صفحات

مرتب: مولانا نوید احمد خان حقانی ناشر: ادارہ الایمان 0340 1332244

زیر تبصرہ کتاب درس ہدایۃ النحو جو جامعہ تحسین القرآن کے معروف ومشہور مدرس مولانا تحسین اللہ صاحب کے افادات ونکات پر مشتمل ہیں، جسے فاضل حقانیہ مولانا نوید احمد خان حقانی نے دوران درس منضبط کیا اور اب انہی کو کتابی شکل میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کی۔ صاحب افادات نے بھی مفید تشریحات ، بہترین نکات اور علم النحو کے کئی ضوابط وقواعد کو بخوبی بیان کیا ہے اور موصوف مرتب نے بھی نہایت محنت اور سعی کر کے اسے مرتب کیا اور مفید تعلیقات واضافات سے کتاب کو مزین کیا۔ اللہ دونوں کو علم وعمل میں ترقی نصیب فرمائے اور اس کتاب کو نافع اور قبولیت بخشے ۔ امین (مبصر: محمد اسلام حقانی)

● **جامع الفتاویٰ (مدلل) ج: دوم** جمع وترتیب: مولانا مفتی عبدالرحمٰن کوثر مدنی

ضخامت: ۴۹۷ صفحات ناشر: دارالتصنیف والتحقیق والافتاء، معہد الترمذی ایچی سن سوسائٹی لاہور

ہمارے اکابر فقہاء کرام نے فتاویٰ کے شعبہ میں جو عظیم خدمات سرانجام دیئے اور دے رہے ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں، یہ علمی ذخائر اور خزائن ہیں، اب ان پر تخریج وتحقیق کا کام وقت کی اہم ضرورت ہے، اس سلسلے میں ان میں سے چند ایک پر تخریج احادیث کا کام تو ہوا لیکن ابھی مزید کام کی ضرورت ہے، اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے مولانا مفتی عبدالرحمٰن کوثر مدنی نے جامع الفتاویٰ (مدلل) کی صورت میں یہ مبارک سلسلہ شروع کیا جو کہ ۱۰۰ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہوگی (ان شاء اللہ) جو فتاوی کا عظیم موسوعہ کی شکل میں ہوگا اور جس پر تیزی سے کام جاری ہے اس کی پہلی جلد رمضان المبارک میں شائع ہو کر پہلے ہی منظر عام پر آچکی ہے، جس کی ابتداء کتاب الطہارت سے ہوئی جو کہ ابواب الوضو کے چند فصول فرائض وضو، سنن، مستحبات اور مکروہات وضو اور مسائل مسواک پر مشتمل ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب جلد دوم میں ابواب الوضو ہی کی باقی فصول نواقص وضو اور غیر نواقص وضو اور متفرقات وضو مذکور ہیں۔ جامع التفاویٰ کی جواہم خصوصیت ہے وہ یہاں دلائل کا ہے جس کو مصادر شریعت (قرآن ،حدیث اقوال اور آثار تابعین) سے مزین کیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس خدمت کو قبول فرمائے اور اس عظیم کتاب کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ان کی مدد فرمائے۔ (مبصر: مفتی بہادر خان حقانی)

© rasailojaraid.com